سوال

فوت شدہ والدین کو قرآن پڑھ کر ثواب بخشنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کسی کے والدین ماں یا باپ میں سے کوئی فوت ہو گیا ہو تو کیا ان کی اولاد میں سے کوئی قرآن مجید پڑھ کر ان کو ثواب دے سکتا ہے۔ میں صرف اولاد کی بات کر رہا ہوں اگر اولاد ایسا کرے تو کیا ان کو ثواب ملتا ہے یا نہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کا یہ طریقہ نبی کریم، صحابہ کرام اور تابعین عظام میں سے کسی سے بھی ثابت نہیں ہے۔ اگر یہ طریقہ صحیح ہوتا تو نبی کریم ضرور اس کی صراحت کر دیتے تاکہ امتی اس پر عمل کرتے، اور اپنے فوت شدگان کو ثواب بھیجتے رہتے۔ اب اگر کوئی شخص ایسا کرتا ہے تو دین میں اس کا ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے وہ بدعت کا ارتکاب کرتا ہے، اور حرام کام انجام دیتا ہے۔

فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کے اس کے علاوہ متعدد شرعی طریقے ثابت ہیں۔ مثلا ان کی طرف سے صدقہ کرنا، ان کے لئے دعا مانگنا، ان کی طرف سے حج کرنا اور قربانی کرنا وغیرہ

ہمیں چاہئیے کہ ہم اپنے فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کے لئے فقط صرف وہی طریقے اختیار کریں جو شریعت سے ثابت ہیں اور ان طریقوں سے اجتناب کریں جو ثابت نہیں ہیں۔

مزید تفصیل کے لئے فتوی نمبر (4883) پر کلک کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی